کے۔ الیکٹرک کے خواتین کو بااختیار بنانے والے عالمی شہرت یافتہ پروگرام ”روشنی باجی“ کے تیسرے گروپ کیلئے50 خواتین کا انتخاب

کراچی:18 فروری، 2023: عالمی سطح پر تسلیم شدہ اور ایس اینڈ پی گلوبل ایوارڈ یافتہ کے۔ الیکٹرک کے ”روشنی باجی“ برانڈ ایمبیسیڈر پروگرام کے لیے شہر کے مختلف علاقوں اور پس منظر کی حامل 50 خواتین پر مشتمل تیسرے گروپ کا انتخاب کرلیا گیا ہے۔

اس حوالے سے حال ہی میں منعقدہ تقریب میں کے۔ الیکٹرک کی اعلیٰ انتظامیہ نے روشنی باجیوں کے نئے گروپ کا خیرمقدم کیا اور ماضی میں باہمت روشنی باجیوں کی کامیابیوں اور مستقبل میں ان سے وابستہ توقعات پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر مہمان خصوصی چیئرمین نیپرا توصیف ایچ فاروقی کے ساتھ کے الیکٹرک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مونس علوی اور چیف مارکیٹنگ اینڈ کمیونی کیشن آفیسر سعدیہ دادا بھی موجود تھیں۔

چیئرمین نیپرا توصیف فاروقی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کے الیکٹرک کا روشنی باجی پروگرام نیپرا کے سی ایس آر وژن Power with Prosperity کے مطابق ہے، جو توانائی کے شعبے کے لیے مشعل راہ ہے۔ اس اقدام کے ذریعے کمپنی نے بنیادی طور پر عالمی سطح پر اپنی شناخت بنائی ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوتی ہے کہ کے۔ الیکٹرک نے روشنی باجی پروگرام کو کامیاب بنانے کے لیے پُرعزم کوششیں کی ہیں اور ہنرمندی کو فروغ دے کر خواتین کو بااختیار بنانے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ اس اقدام کے اہم حمایتی کے طور پر مجھے یقین ہے کہ کے۔ الیکٹرک بجلی سے حفاظت اور توانائی کے تحفظ کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنے کے لیے مزید گھرانوں تک پہنچے گی، تاکہ اُس خلا کو پُر کیاجاسکے جو کافی عرصے سے موجود ہے۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کے۔ الیکٹرک کے سی ای او مونس علوی نے کہا کہ یہ لمحہ ہماری کمپنی کے لیے قابل فخر ہے کہ ہم اس پروگرام کے تیسرے سال میں داخل ہوگئے ہیں۔ ہم اپنی ان محنتی سفیروں کی مدد سے سسٹم کو مزید فعال بنانا چاہتے ہیں۔ ہماری خواتین رکاوٹوں کو توڑ رہی ہیں اور اُن تمام تصورات کا خاتمہ کررہی ہیں جو خواتین کو مخصوص کردار تک محدود کرتی ہیں۔ سال 2023ہمارے لیے بہت اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ ہم مستقبل کے ترقیاتی منصوبے کے ذریعے صارفین کی مرکزیت کے ایک نئے دور میں داخل ہورہے ہیں۔ جس کا تصور صارفین کی بھلائی ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ روشنی باجیاں آنے والے برسوں میں توانائی کا ماحولیاتی نظام بہتر بنانے میں فعال کردار ادا کریں گے۔

روشنی باجی کے تیسرے گروپ کا خیرمقدم کرتے ہوئے چیف مارکیٹنگ اینڈ کمیونی کیشن آفیسر سعدیہ دادا نے کہا کہ روشنی باجی جیسے کے۔ الیکٹرک کے پلیٹ فارمز کمیونیٹیز کو مستحکم، متوازن اور ترقی پسند بناتے ہیں۔ ہم نیپرا کی تعریف کرتے ہیں کہ اس نے ہمیں Power with Prosperityکے فلسفے کے تحت ایک شاندار وژن فراہم کیا۔ ہم امید کرتے ہیں کہ پاکستان میں صنفی انقلاب کو تیز کرنے کی ہماری کوششوں کو پاورسیکٹر خوش آمدید کہے گا۔

کے۔ الیکٹرک کی جانب سے2021 میں شروع کیا گیا ”روشنی باجی پروگرام“ ایک ایوارڈ یافتہ خواتین ایمبیسیڈر اپرنٹس شپ پروگرام ہے، جس کا مقصد کے۔الیکٹرک اور اس کے صارفین کے درمیان رابطے کو بڑھانا ہے۔ ان خواتین سفیروں نے شہر کے مشکل علاقوں میں 460,000 سے زائد گھرانوں کو عمومی اور برقی حفاظت، بارش کے دوران بجلی کے استعمال میں احتیاطی تدابیر، بجلی چوری کے خطرات اور توانائی کی بچت کے بارے میں آگاہی فراہم کی ہے۔ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ پسماندہ برادریوں میں خواتین اور بچے ناقص برقی آلات اور بجلی کے غیرمحفوظ استعمال کے باعث گھروں کے اندر بجلی کا کرنٹ لگنے کے واقعات کا زیادہ شکار ہوتے ہیں، روشنی باجیاں گھر گھر جا کر بجلی سے حفاظت کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہیں اور بجلی کے محفوظ قانونی کنکشنز کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں۔ ساتھ ہی توانائی کی بچت کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی دیتی ہیں۔

کے۔ الیکٹرک نے میٹر ڈیٹا مینٹیننس آفیسرز (ایم ڈی ایم اوز) کے لیے 25 روشنی باجیوں کا انتخاب کیا ہے اور انہیں کسٹمر سروس کے عہدے دیے ہیں۔ کے۔ الیکٹرک کے کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (سی ایس آر) پروگرام ”روشنی باجی“ نے ایس اینڈ پی گلوبل پلیٹس انرجی ایوارڈ بھی حاصل کیا ہے، جسے توانائی کے شعبے میں آسکر کی حیثیت حاصل ہے۔

کے۔ الیکٹرک نے مختلف diversity and inclusion اقدامات کیے ہیں، جیسے کہ خواتین کو مرکزی دھارے میں شامل کرداروں میں شامل کرنا، جس میں ایم ڈی ایم اوز کے علاوہ گرڈ آپریٹرز، لائن ویمنز شامل ہیں۔ کمپنی نے اپنے ریٹرن شپ پروگرام کے ذریعے ان خواتین کی جو اپنا کیرئیر دوبارہ شروع کرنا چاہتی ہیں کی حوصلہ افزائی کی ہے۔

کے الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں کے ای ایس سی کے طور پر عمل میں آیا۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں اور کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔